# 21624 ـ اگر خطبہ کی سمجھ نہ آئے تو کیا کرنا چاہیے ؟

**سوال**

میں اس وقت افریقا میں رہائش پذیر ہوں، یہاں کی مقامی زبان نہیں بول سکتا، اور نماز جمعہ کا خطبہ بھی مجھے سمجھ نہیں آتا، مجھے دوران خطبہ کیا کرنا ہو گا ؟
کیا میں قرآن مجید کی تلاوت کروں، یا اللہ تعالی کا ذکر، یا ایسی چیز سننے کے لیے بیٹھ رہوں جس کی مجھے سمجھ ہی نہیں آتی ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر آپ خطبہ سنیں چاہیں آپ کو سمجھ نہ بھی آئے تو ان شاء اللہ آپ خیروبھلائی پر ہیں، اور بعض اہل علم نے رخصت دی ہے کہ اگر کوئی شخص خطبہ کی زبان نہیں سمجھتا تو وہ اللہ تعالی کا ذکر یا قرآن مجید کی تلاوت میں مشغول رہے، لیکن شرط یہ ہے کہ وہ دوسروں کے لیے تشویش کا باعث نہ بنے جو خطبہ سن رہے ہیں، لیکن میں جس طرف مائل وہ یہی ہے کہ: اسے خطبہ سننا چاہیے چاہے اسے سمجھ نہ ہی آئے.